مولانا حامد الحق حقانی
مدرس جامعہ دارالعلوم حقانیہ

دارالعلوم کے شب و روز

حضرت مولانا زرولی خان صاحب کی دارالعلوم حقانیہ آمد اور مہتمم صاحب سے ملاقات

۳۱ اگست ۲۰۱۸: شیخ الحدیث حضرت مولانا مفتی زرولی خان صاحب، مہتمم و بانی جامعہ احسن العلوم العربیہ گلشن اقبال کراچی کی دارالعلوم تشریف آوری ہوئی اور حضرت مہتمم صاحب سے تفصیلی ملاقات کی اور مختلف موضوعات پر آپس میں تبادلہ خیال فرمایا اور آخر میں انہوں نے دارالعلوم کی نئی تعمیرات کا دورہ بھی کیا۔

نائب مہتمم حضرت مولانا محمد انوار الحق صاحب کا دورہ جنوبی وزیرستان

شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد انوار الحق مدظلہ نے کافی عرصہ بعد ابنائے جامعہ حقانیہ و محبین خاندان حقانیہ کے پرزور اصرار پر ۲۷، اگست کو جنوبی وزیرستان تشریف لے گئے۔ حالانکہ اس سے پہلے ہر سال فضلاء حقانیہ حضرت شیخ الحدیث کو گرمیوں کے موسم میں دعوتی ومطالعاتی دورے پر جنوبی وزیرستان لے جاتے تھے مگر پھر ناگفتہ بہ حالات کی وجہ سے یہ سلسلہ منقطع ہو گیا تھا تو امسال تعطیلات عید الاضحیٰ کے موقع پر نائب مہتمم صاحب ان علاقوں کو تشریف لے گئے اور وہاں تقریباً ۳ دن قیام فرمایا۔ اس مختصر دورے کے دوران حضرت شیخ الحدیث نے مختلف مقامات پر جامعہ حقانیہ کے فضلاء کے مدارس کا دورہ فرمایا، ہزاروں کی تعداد میں علماء کرام، طلباء کرام اور فضلاء نے حضرت شیخ الحدیث مدظلہ سے ملاقاتیں کیں۔ کئی نئے مدارس کا افتتاح فرمایا اور مختلف مقامات پر علماء کرام کے اجتماعات سے اصلاحی بیانات بھی فرمائے جن میں علاقہ شکئی ،جیسورہ ،وانا ،اعظم ورسک، کڑی کوٹ ، دغزائی ،شولم ، اور پاک افغان بارڈر انگور اڈا کے سینکڑوں مدارس شامل ہیں جس میں تقریباً ۱۵ مدارس افغانستان کے بھی شامل ہیں، جب بارڈر پاران کو حضرت شیخ الحدیث صاحب کی اطلاع پہنچی تو سینکڑوں کی تعداد میں مہتممین ، علماء کرام اور طلباء کے علاوہ عوام الناس بھی تشریف لائے۔ اس موقع پر حضرت شیخ الحدیث کے تفصیلی خطاب سے مجمع فیض یافتہ ہوا۔ حضرت شیخ الحدیث کا جامعہ حقانیہ کے فضلاء خواہ اندرون ملک ہوں یا بیرون ملک رابطہ ضرور رہتا ہے۔ واپسی پر ملک کے قدیم دینی درسگاہ اور جامعہ حقانیہ کے فیض سے سیراب اور جامعہ حقانیہ کے ابناء سے آباد جامعہ حلیمیہ درہ پیزو جانا ہوا اس سفر میں صاحبزادہ مولانا سلمان الحق حقانی بھی ہمراہ تھے ۳۰، اگست کو اکوڑہ خٹک واپسی ہوئی۔